© rasailojaraid.com



# کلوروفل اور قرآن

## ۱۔ سائنس اور قرآن۔ ایک نظر میں

جناب مولوی محمد شہاب الدین ندوی۔ فرقانیہ اکیڈمی چک بانا ور بنگلور نارتھ

**قرآن حکیم کا نظام دلائل**

قرآن مجید شعر و شاعری، ہندسہ و ریاضی، منطق و فلسفہ، تاریخ و جغرافیہ، معاشیات و سیاسیات اور سائنس اور ٹکنالوجی وغیرہ کسی مخصوص دینوی علم و فن کی کتاب نہیں ہے۔ اس کا اصل اور بنیادی موضوع عالم بشری کی فکری و اعتقادی اصلاح اور انفرادی و اجتماعی زندگی میں ہر حیثیت سے اس کی ہدایت و رہنمائی ہے۔ مگر دیگر فرسودہ مذاہب کی طرح اسلام مخصوص لوگوں کے جذبات سے اپیل نہیں کرتا اور اپنے نظریات و تصورات کو لوگوں کے دل و دماغ پر زبردستی مسلط نہیں کرتا۔ اور دوسری حیثیت سے وہ غیر معقول اور خلافِ عقل عقائد کی تعلیم نہیں دیتا جیسے عیسائیوں کے عقیدۂ تثلیث و کفارہ یا پارسیوں کے عقیدہ ثنویت (DUALISM)[1] یا شیعوں کے عقیدۂ بداء وغیرہ کا حال ہے۔ بلکہ وہ تمام معاملات میں عقل و خرد اور سوچ بچار سے کام لینے کی دعوت دیتا ہے۔ اور اپنے پیش کردہ عقائد و تعلیمات کے اثبات کے لئے ہر قسم کے علمی و عقلی اور آفاقی و انفسی دلائل نہایت انوکھے اور دل نشیں طرز میں بیان کرتا ہے۔ جن کے لحاظ سے انسانی ذہن و دماغ میں پیدا ہونے والے تمام شکوک و شبہات رفع ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی پیچیدگی یا غیر معقولیت باقی نہیں رہتی یہ اسلام کی ایک بہت بڑی خصوصیت

---

۱؎ یہ عقیدہ کہ دنیا میں خیر و شر کی الگ الگ حکومتیں قائم ہیں خدائے خیر (یزدان) الگ ہے اور خدائے شر (اہرمن) الگ۔ اور ان دونوں میں ہمیشہ کش مکش اور آویزش برپا رہتی ہے۔ ایک کے قبضہ میں روشنی اور جملہ حسنات ہیں تو دوسرے کے قبضہ میں تاریکی اور تمام سیئات۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے جس کا مقابلہ اس صفحۂ ارض پر کوئی دوسرا مذہب یا صحیفہ ہرگز نہیں کر سکتا۔

شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس وبینٰت من الھدی والفرقان:۔ ماہ رمضان وہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا۔ وہ نوع انسان کے لئے ہدایت نامہ ہے (جس میں نوع انسانی کی) رہبری اور حق و باطل میں فرق و امتیاز کے دلائل موجود ہیں (بقرہ: ۱۸۵)

ان فی ذالک لذکری لمن کان لہ قلب او القی السمع وھو شہید: اس میں ایک بہت بڑی یاد دہانی موجود ہے ہر اس شخص کے لئے جو قلب (سلیم) رکھتا ہو یا توجہ کے ساتھ اس کی نصیحت پر کان دھرتا ہو (ق: ۳۷)

وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین: اور ہم قرآن کے ذریعہ ان مضامین کو اتارتے ہیں جو (ہر قسم کے قلبی امراض کے لئے) شفاء اور اہل ایمان کے لئے رحمت ہیں (بنی اسرائیل: ۸۲)

اسلامی عقائد و ایمانیات میں توحید، رسالت اور معاد (یوم جزاء) کے تصورات نہایت اہم اور معرکہ آراء نوعیت کے حامل ہیں۔ کیوں کہ اخلاق و کردار کی درستی اور تمام اعمال صالحہ پر عمل پیرائی کا دارومدار انہیں تصورات پر ہے۔ اس لئے قرآن مجید میں ان امور کے اثبات کے لئے بہت زیادہ زور دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں وہ تمام طریقے استعمال کئے گئے ہیں جو ممکن ہو سکتے ہوں۔

ولقد صرفنا فی ھذا القرآن لیذکروا وما یزیدھم الا نفورا: اور ہم نے اس قرآن میں (یہ باتیں) مختلف اسالیب میں بیان کی ہے تاکہ لوگ اس سے سبق حاصل کر سکیں۔ مگر منکرین حق کے لئے ان مضامین سے دوری ہی بڑھتی جائے گی (کیوں کہ قبول حق ان کے لئے بہت شاق گزرتا ہے (بنی اسرائیل: ۴۱)

ولقد صرفنا للناس فی ھذا القرآن من کل مثل فابی اکثر الناس الا کفورا: اور ہم نے نوع انسانی کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں پھیر پھیر کر (مختلف پیرایوں میں) بیان کر دی ہیں مگر اکثر لوگوں کو (حق و باطل کے راستوں کی وضاحت کے بعد بھی) کفر ہی پر اصرار رہتا ہے (تاکہ وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بے راہ روی کی روش اپنا کر من مانی کر سکیں (بنی اسرائیل: ۸۹)

قرآن عظیم کا مشن یہ ہے کہ وہ حق بات کو پوری طرح اجاگر کرکے نوع انسانی پر اتمام حجت کردے جس کے بعد مزید کسی قیل وقال کی گنجائش مطلق نہ رہ جائے۔ یہ بالکل دوسری بات ہے کہ بنی آدم حق بات اور اس کے دلائل کو تسلیم کریں یا نہ کریں۔ ارادہ و اختیار کی آزادی عطا کرنے اور غور و فکر کی دعوت دینے کا مقصد بھی اتمام حجت ہی ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے قرآن کریم محض علمی و عقلی دلائل ہی پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ نظام کائنات سے متعلق ہر قسم کے آفاقی و انفسی (سائنٹفک) دلائل بھی توحید، رسالت اور معاد کی صحت و صداقت کے ثبوت میں فراہم کرتا ہے۔ حسب ذیل آیات کا یہی مطلب ہے:

سنریہم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسہم حتی یتبین لہم انہ الحق: ہم ان منکرین کو اپنے نشانات و دلائل دکھا کر رہیں گے ان کے چاروں طرف (مختلف مظاہر کائنات میں) بھی اور خود ان کی ہستیوں (ان کے طبعی و فطری اور نفسیاتی احوال و کوائف) میں بھی تا آنکہ ان پر واضح ہو جائے کہ یہ کلام برحق ہے۔ (حم سجدہ: ۵۳)

خلق الانسان من عجل ساوریکم الخ ............: انسان کی سرشت میں (نفسیاتی طور پر) بڑی عجلت پسندی رکھ دی گئی ہے۔ ہم عنقریب تم کو اپنے نشانات و دلائل دکھا دوں گا۔ لہذا تم جلدی مت کرو۔ (مومن: ۸۱)

آیات الٰہی کیا ہیں | اس لحاظ سے قرآن حکیم میں نظام کائنات اور علوم سائنس سے متعلق جو آیات مذکور ہیں وہ ان ہی اغراض و مقاصد کے افہام و تفہیم کی غرض سے ہیں۔

ان فی السموات والارض لآیات للمومنین ۝ وفی خلقکم وما یبث من دآبۃ آیات لقوم یوقنون ۝ واختلاف اللیل والنہار وما انزل اللہ من السمآء من رزق فاحیا بہ الارض بعد موتہا وتصریف الریٰح آیات لقوم یعقلون ۝ تلک آیات اللہ نتلوہا علیک بالحق، فبای حدیث بعد اللہ وآیاتہ یومنون ۝ ویل لکل افاک اثیم ۝ یسمع آیات اللہ تتلیٰ علیہ ثم یصر مستکبراً کان لم یسمعہا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فنقسم ہ بعض اب الیمرہ

بے شک ارض وسماوات میں ایمان لانے والوں کے لئے نشانات و دلائل بکھرے ہوئے ہیں۔ خود تمہاری اور دیگر جانداروں کی خلقت میں بھی یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں موجود ہیں۔ رات دن کے ہیر پھیر میں اور اس رزق (پانی جو ذریعہ رزق ہے) میں جس کو وہ اوپر سے برسا دیتا ہے پھر اس کے ذریعہ زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کر دیتا ہے (خشک زمین کو سرسبز و شاداب بنا دیتا ہے) اور ہواؤں کے (نظام) ادل بدل میں بھی سمجھنے والوں کے لئے نشانہائے (قدرت) موجود ہیں۔ یہ اللہ کی آیات ہیں جن کو ہم ٹھیک ٹھیک پڑھ سنا رہے ہیں۔ تو پھر اللہ اور اس کی آیات و نشانات کے بعد یہ لوگ آخر کس بات پر ایمان لاسکیں گے؟ خرابی ہے ہر اس شخص کے لئے جو جھوٹ اور گناہ پر کمر باندھ چکا ہو۔ جو "آیات اللہ" کو ــــ جو اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔ سنتا تو ہے مگر پھر تکبر ہی پر اڑا رہتا ہے، گویا کہ کچھ سنا ہی نہیں۔ تو ایسے شخص کو ایک دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔

(جاثیہ: ۳ ــ ۸)

قرآن کی اصطلاح میں "آیات" یا "آیات اللہ" کا اطلاق چار چیزوں پر ہوتا ہے:

۱۔ قرآنی آیات

۲۔ احکام و اوامر

۳۔ معجزات انبیاء

۴۔ نشانات و دلائل

لفظ آیات "آیۃ" کی جمع ہے جس کے معنی ظاہری یا واضح نشانی (SIGN) کے ہیں۔ یہ نشانی اگرچہ مکمل دلیل نہیں ہوتی۔ مگر واضح طور پر (منطقی) دلیل کی رہنمائی کرنے والی ہوتی ہے۔[1]

---

[1] مفردات القرآن، ص ۱۴، از مولانا فراہی رح



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس سے مراد وہ علامات قدرت اور نشانات الٰہی ہیں جو صحیفہ فطرت کے اوراق پر منقش ہیں۔ جن سے خدا کے وجود، اس کی قدرت و وحدانیت، ربوبیت و رحمانیت اور حکمت و منصوبہ بندی کا حال آشکارا ہوتا ہے اور جن سے رسالت اور یوم آخرت کی شہادت و گواہی فراہم ہوتی ہے۔ ان خدائی نشانات و دلائل میں سے جو چیزیں انسان کی ذات اور اس کی سرشت سے متعلق ہیں۔ ان کو دلائل انفس کہا جاتا ہے اور جو نشانات قدرت انسان کے چاروں طرف مختلف مظاہر (حیوانات و نباتات اور جمادات و افلاک) کی ساخت و پرداخت اور ان کے تحیر خیز نظامات کی شکل میں بکھرے ہوئے ہیں انہیں دلائل آفاق کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ سائنٹفک تحقیق و ریسرچ سے جس قدر بھی دلائل و شواہد فراہم ہوں وہ اصولاً ان ہی دو اقسام میں محصور ہوں گے اور آفاقی و انفسی دلائل ہی کا دوسرا نام "آیات اللہ" ہے۔

غرض اس وقت میرا موضوع بحث اسی قسم کی ایک آفاقی یا تکوینی ( NATURAL ) "آیت" (کلوروفل[1]) سے ہے۔ جس میں توحید و رسالت اور یوم جزاء کے اثبات کے واضح دلائل اور نہایت حیران کن اسباق و بصائر موجود ہیں۔ یہ ایک ایسا مجموعہ عبر و بصائر ہے جس کے ملاحظہ سے مادیت (MATERIAL-ISM) کے تار پود بکھر جاتے ہیں، نیچریت ( NATURALISM ) پارہ پارہ ہو جاتی ہے۔ اور تشکیک و لاادریت وغیرہ تمام گمراہ کن فلسفوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

کلیسا اور مادیت | یوں تو مادہ پرستی یا دہریت زمانہ قدیم سے کسی نہ کسی شکل میں موجود رہی ہے۔ مگر یہ وبا جس عالمگیر پیمانے پر آج پھیلی ہوئی ہے اس کی مثال گذشتہ ادوار میں نہیں ملتی۔ موجودہ الحاد و لادینیت کی آفاق گیر نشر و اشاعت کلیسا (چرچ) کی ناعاقبت اندیشی کا براہ راست نتیجہ ہے۔ یعنی کلیسا نے علم و تحقیق کے خلاف صدیوں تک جبر و استبداد، شقاوت و بربریت اور روح فرسا

---

[1] اس سے مراد وہ خضرہ یا ہرا رنگ ہے جو دنیائے نباتات کا لازمی عنصر ہے۔ اس کی بنا پر پیڑ پودے ہرے بھرے اور سرسبز و شاداب دکھائی دیتے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مظالم کا جو مظاہرہ کیا تھا، الحاد و مادیت اسی کا رد عمل ہے۔ کلیسا کے مظالم اور جبرہ دستیوں سے تنگ آ کر اہل علم (سائنس دانوں) نے مذہب کے خلاف بغاوت کر دی اور الحاد و دہریت کے نقیب و ہمنوا بن گئے۔ کیوں کہ وہ صاف دیکھ رہے تھے کہ عیسائی مذہب میں علمی ترقیوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے بلکہ کلیسا ہر نئی تحقیق پر کفر و ارتداد کا فتوی صادر کرتا ہے۔ جو صاف و صراحتاً رویت و مشاہدہ اور واقعات و حقائق کا انکار ہے، بلکہ تحقیق و تجربہ اور علمی سرگرمیوں کا گلا گھوٹنے کے مترادف بھی۔ غرض کلیسا کے "خدائی فوجداروں" نے محض اپنے نام نہاد مذہبی تقدس اور اس کی بالادستی کو قائم رکھنے کی خاطر بے شمار محققین اور سائنس دانوں کو بلا وجہ مجرم قرار دیا اور انہیں ایسی اذیت ناک سزائیں دیں جن کے تصور ہی سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں

جب لوگوں نے دیکھا کہ عیسائی مذہب عقل و مشاہدہ، تجربہ و اختیار اور واقعات و حقائق کا نہ صرف انکار کرتا ہے بلکہ "نئے نئے خیالات" پھیلانے کے جرم میں اہل علم کی گردنیں بھی اڑاتا ہے۔ تو انھوں نے اپنے کندھوں پر سے مذہب کا جوا ہی اتار پھینکا اور صاف صاف اعلان کر دیا کہ مذہب سراسر غیر علمی و غیر معقول نظریات و توہمات کا مجموعہ ہے، جن کو عقل و قیاس سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ یہ کلیسائی رویہ کا منطقی نتیجہ اور مثبت ردعمل تھا جس نے آگے چل کر خدا بیزاری کی عالمگیر شکل اختیار کر لی۔ اور جس کے تباہ کن اثرات آج پورے انسانی معاشرہ پر پڑ رہے ہیں حقیقت یہ ہے کہ اس خدا بیزاری کی وجہ سے تہذیب انسانی کے باقیات اور اس کی کل اخلاقی قدروں کو آج زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔

**اسلام کا کارنامہ** یہ ایک ناقابل فراموش حقیقت ہے کہ عیسائیت کے پھیلائے ہوئے مذکورہ بالا زہر

---

سلہ یہ بات صرف عیسائیت پر ہی صادق آتی ہے۔ ورنہ اسلام تو ایک سراسر علمی و عقلی مذہب ہے جو نہ صرف ہر قسم کی دنیوی ترقیوں کے دروازے کھلے رکھتا ہے بلکہ اس کی ہمت افزائی بھی کرتا ہے جیسا کہ اگلے صفحات سے ظاہر ہوگا سائنس کی موجودہ ترقی بھی دراصل اسلام ہی کی انوکھی دعوت کا منطقی نتیجہ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا تریاق صرف اسلام کے "خزانۂ عامرہ" میں موجود ہے۔ گویا کہ عیسائیت کا "قرضہ" اسلام اپنی "جیب" سے ادا کر رہا ہے اور اس کی پھیلائی ہوئی مضرتوں اور گمراہیوں کا دفیعہ کر رہا ہے۔ اسلام سائنس کی ترقیوں کا داعی و نقیب رہا ہے جس کی راہ میں روڑے اٹکا کر عیسائیت نے خود اپنے پیروں پر کلہاڑی مار لی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ آج موجودہ خدا بیزار معاشرہ کا دماغی و روحانی آپریشن کر کے اس کے دل و دماغ کو دھونے والا کوئی بھی مذہب سوائے اسلام کے اس کائنات گیتی میں موجود نہیں ہے۔ قرآن عظیم حقیقتاً ایک ایسا "آپریشن روم" (یا روحانی ہسپتال) ہے جس میں ہر قسم کی "ذہنی بیماریوں" اور "دماغی امراض" کا کافی و شافی علاج ہوتا ہے جس میں "لاعلاج" قسم کے مریضوں کی چیر پھاڑ اور سرجری کر کے ان کی مرہم پٹی کر دی جاتی ہے۔ اس کے "فرسٹ ایڈ" بکس میں ہنگامی حوادث سے نمٹنے کا تمام سامان موجود ہے۔

یا ایھا الناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم وشفاء لما فی الصدور وھدی ورحمۃ للمؤمنین: لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے نصیحت آ چکی ہے جو تمام دلی امراض کے لئے شفا ہے اور اہل ایمان کے لئے تو سراسر ہدایت و رحمت۔ (یونس: ۵۷)

یا ایھا الناس قد جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نورا مبینا، لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف نور روشن (قرآن) اتار دیا ہے (جو تمہیں دنیا کی بھول بھلیوں سے نکالنے کے لئے روشنی کا کام دے گا۔ (نساء: ۱۷۴)

ونزلنا علیک الکتب تبیانا لکل شیئ، (اے محمد) ہم نے تم پر وہ کتاب اتاری ہے جو ہر چیز کی وضاحت کرنے والی ہے (نحل: ۸۹)

ولقد ضربنا للناس فی ھذا القرآن من کل مثل لعلھم یتذکرون: اور ہم نے اس قرآن میں یقیناً ہر (ضروری) بات کی مثال بیان کر دی ہے تاکہ وہ چونک سکے۔ (زمر: ۲۷)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ھذا بیان للناس وھدی وموعظۃ للمتقین : یہ نوع انسانی کے لئے ایک وضاحت نامہ ہے اور اہل تقویٰ کے لئے درس وہدایت (آل عمران : ۱۳۸)

اس لحاظ سے قرآن حکیم پوری دنیائے انسانیت کے لئے روشنی کا منارہ (لائٹ ہاؤس) اور مشعل راہ بن ہے جس کی جگمگاہٹ سے پورا کرۂ ارض بقعۂ نور بن چکا ہے۔ یا بن جانے کے قریب ہے۔

معرکۂ قرآن وسائنس | الحاد و مادیت اور تشکیک ولا ادریت وغیرہ تمام مہمل فلسفوں کی مزاج پرستی اور ان کے گمراہ کن عقائد کے سیل رواں کا مقابلہ قرآن حکیم بہت ہی کامیاب اور حیرت انگیز انداز میں کرتا ہے۔ مگر یہ بڑی ہی عجیب حقیقت ہے کہ مادہ پرستی کا توڑ وہ خود اسی کی تحقیقات کے ذریعہ کر دیتا ہو اور اس کا داؤں اسی پر الٹ دیتا ہے یعنی اس کے ہاتھ پیر خود اسی کی رسّی سے باندھ دیتا ہے جس کے نتیجہ میں انسان کی تحقیقات خود اس کے گلے کا پھندہ بن جاتی ہیں جس کا نظارہ بڑا ہی سبق آموز اور عبرت انگیز ہے۔ جیسا کہ "کلوروفل" کے مباحثہ سے ظاہر ہوگا۔

قرآن حکیم اس سلسلے میں اعجازی طور پر ایک زبردست ہتھیار استعمال کرتا ہے جس کو "دلائل آفاق و انفس" کہتے ہیں۔ یہ قرآنی ہتھیار یا ضرب کلیمی "بڑی انوکھی، حیرت ناک اور چونکا دینے والی ہے۔ جس کی ضربوں سے مادیت کا قصر عالی ریت کے تودے کی طرح زمین بوس ہو جاتا ہے۔ الحاد و لادینیت کے تانے بانے مکڑی کے جالے کی طرح ٹوٹ جاتے ہیں اور شکوک وشبہات کی تمام دیواریں آناً فاناً منہدم ہو جاتی ہیں۔ ان معرکہ آرائیوں کے ملاحظہ سے اس حقیقت عظمیٰ کے تسلیم کر لینے میں کوئی تردد باقی نہیں رہ جاتا کہ یہ انوکھی اور لاجواب کتاب حکمت برحق اور منجانب اللہ ہے ورنہ وہ اس قدر لازوال سچائیوں سے لبریز نہ ہوتا۔

انبیائے کرام کے کارنامے اور معرکۂ جدید | آپ نوح علیہ السلام کی داستان سے واقف ہوں گے کہ ان کی نجات ایک حیرت انگیز کشتی کے ذریعہ کس طرح ہوگئی اور ان کی نافرمان قوم کو کس بری طرح ڈبو دیا گیا؟ ابراہیم علیہ السلام کے حالات سے باخبر ہوں گے کہ آپ کے مقابلے میں نمرود جیسا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



باجبروت حکمران اپنے سارے کروفر کے باوجود کس طرح عاجز و بےبس ہو کر رہ گیا! موسیٰ علیہ السلام اور جادوگروں کی معرکہ آرائی کا حال بھی سنا ہوگا کہ ایک پوری قوم باوجود سحر و ساحری میں استادانہ و ماہرانہ مہارت رکھنے کے ایک فرد واحد کے مقابلہ میں کس طرح اپنی چوکڑی بھول گئی اور کس طرح ذلت آمیز شکست سے دوچار ہو کر بارگاہ یزدانی میں سجدہ ریز ہو گئی! پھر بدر و خیبر کی معرکہ آرائیاں تو یاد ہوں گی کہ مٹھی بھر جانبازوں نے کس طرح کشتوں کے پشتے لگا دیئے! اور سب سے بڑھ کر قرآن عظیم کی وہ ڈانٹ اور للکار تو سنی ہی ہوگی جس کے روبرو پوری دنیائے عرب نے گھٹنے ٹیک دیئے اور گونگی بن گئی۔

مگر آپ نے یہ تمام واقعات یا تو پڑھے ہوں گے یا صرف سنے ہوں گے۔ شکست خوردہ فریق مخالف کی ذلت و مسکنت اور ندامت و شرمساری کا نظارہ تو یقیناً نہیں کیا ہوگا! لہٰذا آئیے آج کی صحبت میں بیسویں صدی کے ایک "مہادیو" (سائنس) کی شکست فاش اور اس کی بےچارگی و درماندگی کی ایک تصویر مجسم کا نظارہ کر لیا جائے جس کی آج عام طور پر دھاک بیٹھی ہوئی ہے اور ذہن و دماغ پر اس کی ہیبت چھائی ہوئی ہے۔[1]

هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله ولو کره المشرکون۔ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تاکہ اس کو تمام ادیان پر غالب کرے۔ اگرچہ مشرکین (دین حق کے اس غلبہ کو) ناپسند ہی کیوں نہ کریں۔

(توبہ: )

**سائنس کی اصل حقیقت** واضح رہے کہ اسلام یا قرآن کا اصل معرکہ صرف مادہ پرستی اور خدا بیزاری

---

[1] حقیقت یہ ہے کہ آج مادہ پرستوں میں سائنس کی وہی حیثیت ہے جو قدیم اقوام میں کسی سب سے بڑے اور قومی بت (مہادیو) کی ہوا کرتی تھی۔ آج کسی بھی مسئلہ کو سائنس ہی کی عینک سے دیکھنے کا رجحان عام ہو گیا ہے گویا کہ وہ کوئی سروقاضی یا جیو جینئس ہے۔ حالانکہ حقیقت کے اعتبار سے وہ کائنات کے مبادیات تک سے ناواقف ہے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


سے ہے نہ کہ براہ راست سائنس سے۔ یا دوسرے الفاظ میں قرآن حکیم براہ راست سائنس یا علم کائنات کا حریف اور اس کا مدمقابل نہیں بلکہ وہ صرف لوگوں کے ذہنوں میں سرایت کردہ ان جراثیم کو نکال باہر کرنا چاہتا ہے جو مادیت کے پروردہ اور خدا بیزاری کی آغوش میں پروان چڑھے ہوئے ہیں۔ ورنہ وہ نہ صرف نظام کائنات میں غور و فکر کی دعوت دیتا ہے بلکہ مختلف اندازوں سے اس پر ابھارتا بھی ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید کی بیشتر آیات شاہد ہیں۔ اس دعوت فکر سے جہاں بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں وہاں پر ایک بڑی حکمت یہ بھی ہے کہ کائناتی علوم میں ترقی کے باعث انسان کو خود اپنی بے بسی اور عجز و درماندگی کا شدت کے ...... ساتھ احساس بھی ہو جائے۔

سائنس محض کائنات اور نظام کائنات کے حقیقت پسندانہ اور غیر جانب دارانہ تنقید و جائزہ اور نقد و نظر کا نام ہے۔ اس لحاظ سے سائنس اور علوم سائنس کا سرمایہ اپنی اصل ماہیت کے اعتبار سے علم انسانی کا ایک قیمتی سرمایہ ہے جو کسی بھی طرح دین و مذہب کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ سائنس دراصل آج مذہب اسلام کی سب سے بڑی حامی و مؤید اور اس کی لونڈی نظر آتی ہے۔ سائنسی تحقیقات و انکشافات ہی کی بدولت قرآن کے آفاقی و انفسی دلائل، دین متین کے ابدی حقائق کے روپ میں جلوہ گر ہو رہے ہیں کیوں کہ خلاقِ فطرت نے مظاہرِ فطرت کے اصول و ضوابط اپنے دین و شریعت کے اصول و کلیات میں بہت بڑی حد تک مطابقت و یکسانیت اور حکمت و مصلحت رکھ دی ہے۔ جس کا حال مطالعۂ فطرت سے آشکارا ہو جاتا ہے۔

خلق اللّٰہ السمٰوات والارض انا فی ذالک لآیۃ للمؤمنین: اللہ نے زمین اور آسمانوں کو مطابقت و سچائی کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ بلاشبہ اس (مطابقت) میں اہل ایمان کے لئے ایک بہت بڑی نشانی موجود ہے (عنکبوت: ۴۴)

---

**کیا سائنسی نظریات قابل استدلال ہیں** | اس موقع پر یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ علم انسانی (سائنس) اگرچہ عموماً تغیر پذیر ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ سرے سے ناقابل التفات اور ناقابل استدلال ہے۔ ورنہ پھر قرآن حکیم کا جگہ جگہ نظام کائنات میں غور و فکر کی دعوت دینا اور اکثر مواقع پر


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ فرمانا کہ سوچ بچار اور تحقیق و تدقیق سے کام لینے والوں کے لئے کائنات کی ہر چیز میں دلائل و بینات موجود ہیں، ایک مہمل و بے معنی بات ہوتی۔ اور دوسری حیثیت سے نظام کائنات سے کسی پر بھی حجت پوری نہ ہو سکتی اور آفاقی و انفسی دلائل کا مقصد ہی فوت ہو جاتا۔ حالانکہ قرآن کو صاف اور غیر مبہم الفاظ میں اعلان کرتا ہے:

ومن ایٰته ان خلقکم من تراب ثم اذا انتم بشر تنتشرون ہ ومن ایٰته ان خلق لکم من انفسکم ازواجاً لتسکنوا الیها وجعل بینکم مودة ورحمة ان فی ذلک لایٰت لقوم یتفکرون ہ ومن ایٰته خلق السمٰوات والارض واختلاف السنتکم والوانکم ان فی ذلک لایٰت للعٰلمین ہ ومن ایٰته منامکم بالیل والنهار وابتغآؤکم من فضله ان فی ذلک لایٰت لقوم یسمعون ہ ومن ایٰته یریکم البرق خوفاً وطمعاً وینزل من السمآء مآءً فیحی به الارض بعد موتها ان فی ذلک لایٰت لقوم یعقلون ہ ومن ایٰته ان تقوم السمآء والارض بامره ثم اذا دعاکم دعوة من الارض اذا انتم تخرجون ہ وله من فی السمٰوات والارض کل له قٰنتون ہ

وجود باری کی نشانیوں میں سے ہے یہ بات کہ اس نے تم کو مٹی (کے عناصر) سے پیدا کیا پھر تم (ابھرے) انسان بن کر (دھرتی کے سینے پر) پھیل جاتے ہو۔ اور اس کے نشانہائے قدرت میں سے ہے یہ امر کہ اس نے تمہارے لیے اور تمہارے سکون کی خاطر تمہاری ہی جنس سے جوڑے بنائے۔ اور تمہارے درمیان محبت و شفقت (کے جذبات) پیدا کر دیئے۔ درحقیقت ان امور میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے (وجود باری اور اس کی قدرت و ربوبیت کے) دلائل موجود ہیں۔

اور زمین و آسمانوں کی تخلیق اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف بھی اس کے نشانات خاصہ میں سے ہے۔ بے شک ان امور میں اہل علم کے لئے بڑی بڑی دلیلیں موجود ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رات اور دن کے وقت تمہارا سونا اور (صفحۂ ارض میں) اس کے فضل کو تلاش کرنا بھی اسکی علامات میں سے ہے بلاشبہ ان باتوں پر کان دھرنے والوں کے لئے (ربوبیت خداوندی کی) .... خاص الخاص دلالتیں موجود ہیں۔

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے یہ بھی کہ وہ امید وبیم کی خاطر تم کو بجلی (کے کرشمے) دکھاتا ہے اور اوپر سے پانی برساتا ہے۔ پھر اس پانی کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے (وہ خشک بیابان سے ایک لہلہاتے ہوئے سبزہ زار میں تبدیل ہو جاتی ہے)۔ یقیناً اس باب میں سمجھنے والوں کے لئے بڑے (اہم اور معرکۃ آراء) دلائل موجود ہیں۔

اور اس کے نشانات قدرت میں سے ہے یہ بات کہ ارض وسما اسی کے حکم سے قائم ہیں (جو ایک دوسرے پر گر نہیں پڑتے) پھر وہ جب تم کو (کائنات کے فنا ہو جانے کے بعد) یکبارگی پکارے گا تو تم (نئے سرے سے) زمین سے نکل پڑو گے۔ اور زمین و آسمانوں میں جو کچھ بھی ہے سب کچھ اس کی ملکیت ہے۔ اور سب کے سب اسی کے حکم کے تابع ہیں (کسی کو اس کے حکم سے سرتابی کی مجال نہیں ہے۔ وہ جب چاہے گا اور جس طرح چاہے گا تمام مخلوقات کا حشر کرے گا (روم: ۲۰-۲۶)

هو الذی انزل من السماء ماءً لکم منه شراب ومنه شجر فیه تسیمون ینبت لکم به الزرع والزیتون والنخیل والاعناب ومن کل الثمرات ان فی ذلک لاٰیة لقوم یتفکرون ○ وسخر لکم اللیل والنهار والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره ان فی ذلک لاٰیات لقوم یعقلون ○ وما ذرا لکم فی الارض مختلفا الوانه ان فی ذلک لاٰیة لقوم یذکرون ○

وہی ہے (تمہارا معبود) جس نے تمہارے لئے اوپر سے پانی برسایا۔ یہی پانی مشروب بھی ہے، اسی سے درخت اگتے ہیں اور اسی پانی (کے ذریعہ اگے ہوئے سبزہ زاروں میں) تم اپنے مواشی چراتے ہو۔ (یہ اس کی ربوبیت کا حیرتناک کرشمہ ہے کہ وہ محض) اس پانی کے ذریعہ تمہاری خاطر ہر قسم کی کھیتیاں، زیتون، کھجور، انگور اور قسم ہا قسم کے (رنگ برنگے اور مختلف ذائقوں اور خصوصیات والے) میوے اگا دیتا ہے۔ یقیناً اس باب میں سوچ بچار کرنے والوں کے لئے ایک بہت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بڑی نشانی موجود ہے۔ اور اس نے تمہارے لئے دن رات اور آفتاب و ماہتاب کو کام میں لگایا اور کل ستارے بھی اسی کے حکم کے تابع ہیں۔ بلا شبہہ ان امور میں عقل سے کام لینے والوں کے لئے بڑی بڑی نشانیاں موجود ہیں۔ اور تمہاری (پرورش کی) خاطر اس نے دھرتی میں جو (بوقلمونیاں) پھیلا رکھی ہیں۔ ان تمام کے رنگ و لون جدا جدا ہیں۔ اس اختلاف الوان میں چونکنے والوں کے لئے ایک عظیم الشان دلیل موجود ہے (نحل: ۱۰-۱۳)

یہ اور اسی قسم کی دیگر بہت سی آیات کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن حکیم انسانی علم و عقل کو (ایک حد تک) قابل استدلال ضرور سمجھتا ہے جیسا کہ "لقوم یتفکرون"، "لقوم یعقلون"، "لقوم یسمعون" اور "لقوم یذکرون" وغیرہ سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اگر مظاہر کائنات کی ساخت و پرداخت میں نظم و ضبط نہ ہوتا، حکمت و منصوبہ بندی نہ ہوتی بلکہ انتشار و اضطراب ہوتا پھر ان مظاہر پر سوچ بوجھ اور غور و تامل ایک بے کار اور لا یعنی بات ہوتی۔ یہ اور بات ہے کہ انسان کو اشیائے عالم کی اصل حقیقت و ماہیت اور اس کے آغاز و انجام کا کوئی کلی و حتمی علم حاصل نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اس کا علم ہمیشہ بالکل سطحی اور واجبی قسم کا ہوتا ہے۔ اسی کو قرآن دیگر مواقع پر "علم قلیل" سے تعبیر کرتا ہے۔

وما اوتیتم من العلم الا قلیلا : اور تم کو بہت ہی تھوڑا علم دیا گیا ہے۔
(بنی اسرائیل: ۸۵)

ولا یحیطون بشیٔ من علمہ الا بما شاء : اور یہ لوگ اس سے زیادہ علم حاصل نہیں کر سکتے جتنا کہ وہ چاہتا ہے (بقرہ: ۲۵۵)

ان دونوں آیتوں میں بھی علم انسانی کا سرے سے انکار نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ دونوں آیتیں اس مسئلہ پر صاف روشنی ڈال رہی ہیں کہ انسان کو ایک حد تک علم سے نوازا گیا ہے۔ یعنی نظام کائنات میں غور و خوض اور تلاش و تفحص کی بدولت جتنا کچھ بھی علم حاصل کیا جا سکتا ہے وہ "علم حقیقی" کی بہ نسبت "بہت تھوڑا" اور حقیر قسم کا ہوگا، مگر ہوگا ضرور۔ ورنہ پھر نوع انسانی پر حجت قائم نہیں ہو سکتی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علم انسانی ۔ بالعلوم سائنس ۔۔ کے ایک حد تک قابل وثوق وقابل استدلال ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اپالو ۱۲ کی اڑان سے پہلے سائنس دانوں کا نظریہ تھا کہ چاند پر ہوا، پانی اور زندگی وغیرہ نہیں ہے۔ نیز یہ کہ چاند پر بیشمار گڑھے، غار اور آتش فشانی دہانے وغیرہ رونما ہو چکے ہیں اور وہاں پر کشش بھی زمین کے مقابلے میں صرف ۱/۶ ہے وغیرہ وغیرہ۔

چاند کی تسخیر کے باعث ان تمام نظریات کی تصدیق ہو چکی ہے۔ ہاں صرف فاصلے سے متعلق اندازے میں تیرہ ہزار میل کی غلطی ثابت ہوئی ہے۔ یعنی پہلے زمین سے چاند تک کا اوسط فاصلہ دو لاکھ چالیس ہزار میل تصور کیا جاتا تھا۔ مگر تازہ تحقیق کے مطابق دو لاکھ ستائیس ہزار میل قرار پایا ہے۔ آرمسٹرانگ اور ایلڈرن نے چاند پر آئینہ نصب کیا تھا اس پر روشنی کی شعاع پھینک کر اس کی آمد و رفت کے وقفہ کے لحاظ سے یہ فاصلہ متعین کیا گیا ہے[1]

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علم انسانی میں بعض اوقات غلطیاں ہو سکتی ہیں۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ پورے علم انسانی کو ناقابل اعتبار قرار دے دیا جائے۔ یہ تو نظری مسائل کا حال ہوا۔ اس کے برعکس وہ امور جو عملی سائنس (PRACTICAL SCIENCE) سے متعلق ہیں ان میں غلطیوں کا امکان بہت ہی کم اور نہ ہونے کے برابر ہے۔ عملی سائنس کی بدولت زیادہ تر قوانین قدرت دریافت ہوئے ہیں۔

**سائنس اور اس کی شاخیں** سائنس نظام کائنات میں غور و فکر اور مظاہر کائنات کی تحقیق و تفتیش کا نام ہے۔ بالفاظ دیگر استقرائی حیثیت سے اشیائے عالم کی چھان بین کر کے اصول و کلیات (قوانین قدرت) دریافت کرنا اور رازہائے فطرت کا پتہ لگانا۔ سائنس کی اہم شاخیں حسب ذیل ہیں:

۱۔ علم کیمیا (کیمسٹری) : جس میں مادہ اور دنیا کی تمام اشیاء کی بناوٹ اور ساخت،

---

[1] روشنی ایک سکنڈ میں ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل کا فاصلہ طے کر لیتی ہے۔ اور آج کل ایسے آلات ایجاد ہو گئے ہیں جو سکنڈ کو لاکھوں حصوں میں تقسیم کر سکتے اور ان کا حساب لگا سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و ترکیب سے بحث کی جاتی ہے۔ یعنی وہ کن کن عناصر سے مرکب ہیں اور ان کے خواص و طبائع کیا ہیں وغیرہ۔

۲۔ طبعیات (فزکس) : جس میں مادہ (کُل اشیائے کائنات) میں پائی جانے والی قوتوں : حرارت، بجلی، مقناطیس، روشنی اور آواز کے اصولوں سے بحث کی جاتی ہے۔ اور ان توانائیوں کے اثرات "مادہ" پر دکھائے جاتے ہیں۔

۳۔ حیاتیات (بیالوجی) : جس میں حیوانات و نباتات کی ساخت پرداخت اور "زندگی" کے خصائص و لوازمات زیر بحث لائے جاتے ہیں۔

۴۔ علم جمادات (جیالوجی) : جس کا موضوع بحث زیر زمین پائی جانے والی اشیاء ہوتی ہیں مثلاً مختلف قسم کی مٹی اور چٹانوں کی پرتیں وغیرہ۔

۵۔ فلکیات (آسٹرانمی) اور فلکی طبعیات (آسٹرو فزکس)۔ جن میں ستاروں اور سیاروں کے نظامات، کہکشانی مادہ سے ان کی پیدائش اور موت کے اصول و ضوابط، ان کے خواص و طبائع اور طبعی و فطری احوال و کوائف وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ (باقی)

## معاونین کی فیس میں اضافہ

بے تحاشہ گرانی سے مجبور ہو کر حضرات ممبران کی سالانہ فیس میں حسب ذیل اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ جنوری ۱۹۷۱ء سے ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) معاونین :- | چالیس روپے سالانہ کے بجائے | پچاس روپے سالانہ |
| (۲) معاونین عام :- | پچیس " " " | تیس " " |
| (۳) احباء :- | پندرہ " " " | بیس " " |

ممبری کی قواعد ضوابط کی کاپی دفتر سے طلب فرمائیں

منیجر ندوۃ المصنفین۔ دہلی۔ ۶



© rasailojaraid.com